مولانا سمیع الحق ، مولانا عبدالمعبود

تعارف و تبصرہ کتب

اسلامی سیاست

از مولانا عبدالقیوم حقانی ، صفحات ۴۰۲ ۔ قیمت ۔ ۹۰ روپے ۔
ناشر ! ادارۃ العلم والتحقیق ، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ ۔

موجودہ دور فساد اور زمانۂ سیاست والحادین دین اسلام کے تعلیمات کی تبلیغ و ترویج ، اسلامی احکام کا عملی نفاذ اور شریعت مطہرہ کا قانون کیسے جاری ہو مغرب زدہ اجتماعی زندگی ، دہریت زدہ معاشرہ اور متعفن سیاسی فضا میں اسلامی سیاست کے رہنما خطوط اور انقلابی خدوخال کیا ہیں ؟ زندگی کے مختلف شعبوں میں نت نئے پیدا ہونے والے مسائل کا اسلام نے کیا حل پیش کیا ہے ؟ عزیزم مولانا عبدالقیوم حقانی بعض اہم اور ضخیم سلسلہ ہائے تحقیق و تصنیف ، تازہ ترین پیش آمدہ ضروری مسائل اور متعدد وجدید ترین عنوانات ان موضوعات پر بھی گذشتہ آٹھ دس سال سے بڑی تحقیق اور بسط و تفصیل سے لکھ رہے ہیں " اسلامی سیاست اور اس کے انقلابی خدوخال " اسی سلسلہ ہائے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں مصنف نے مسلمانوں کو ہر شعبہ زندگی میں کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کو اپنانے کی مخلصانہ دعوتِ اجابت دی ہے تاکہ نفاذِ شریعت کی ترویج اس میں ہو جائے جو مسلمانوں کا اصل مقصود زندگی ہے کفارِ گیہان کی دسیسہ کاریاں ، معاندین کی ابلہ فریبیاں ، دشمنانِ اسلام کی تخریب کاریاں اس کتاب میں وضاحت و صراحت سے نوک قلم سے زبانِ قرطاس پر منتقل کی گئی ہیں تاکہ ہر صاحب ایمان اپنے دامنِ ایمان اور دامن اسلام کو ان سے محفوظ و مصئون رکھ سکے یہ کتاب واقعتاً اس دور ظلمہ میں مسلم اعیان و زعماء بلکہ ہر مسلمان کے لیے روشن چراغ ہے (عبدالمعبود)

تلبیسی جرائم

تالیف مولانا اظہار الحق حقانی ، صفحات ۱۹۰ قیمت ۶۰ روپے
ناشر ! مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ سرحد

موجودہ معاشرہ میں جہاں دوسرے بے شمار عیوب پرورش پا رہے ہیں وہیں تلبیس و تزویر یا بالفاظ دیگر فراڈ اور دغا بازی جیسے مہلک اور بدترین برائی بھی ہے جو عام ہوگئی ہے ......

موجودہ دور اس اعتبار سے خاصا پیچیدہ اور مشکل دور ہے ۔ ایسے میں ہر انسان اور خصوصاً مسلمان اس دور کے تغیرات ، تضادات اور اثراتِ بد سے خود کو محفوظ نہیں رکھ سکتا ۔ یوں اس دور کا انسان ہر اعتبار سے تلبیس و تزویر اور جرائم و معاصی کے گرداب میں کچھ اس طرح پھنس گیا ہے کہ اس سے نکلنے کی کوئی ظاہری سبیل نظر نہیں آتی ۔ عصر حاضر میں ان تلبیسی ذرائع کا تعین اور انسانی معاشرہ سے تحفظ کے لیے انسداد کے طریقوں کا سمجھنا وقت کی اہم ترین ضرورت تھی لیکن اسلامی قانون کی